## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضاہارون کا کراچی سی آئی ڈی سینٹر کا دورہ متاثرہ افراد سمیت علاقے کے مکینوں سے ملاقات

کراچی۔۔۔21نومبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور صوبائی وزیر رضا ہارون نے اتوار کے روز کراچی کے علاقے سول لائن میں سی آئی ڈی سینٹر، مدینہ کالونی، ہاشمی کالونی اور کے ایم سی فلیٹس کا دورہ کیا اور متاثرین سے ملاقات کر کے ان کے مسائل معلوم کیے۔اس موقع پر ای ڈی او میونسپل سروسز مسعود عالم کے علاوہ بحالی آب وتعمیر نو کے افسران ،کراچی سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے اعلیٰ افسران سمیت ایم کیوایم کے علاقائی سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران و کارکنان بھی انکے ہمراہ تھے۔رضا ہارون نے فرداًفرداًمتاثرین کے پاس جا کر قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی اوران سے مکمل ہمدردی کا ظہار کرتے ہوئے مسائل ومشکلات معلوم کیں اورانہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور منتخب نمائندوں کو ہدایت ہیں کہ جب تک ایک ایک متاثرہ شخص اپنے گھر میں آباد نہیں ہوجاتا اس وقت امداد و بحالی کے کاموں کو جاری رکھا جائے۔انہوں نے موقع پر موجود سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے افسران واہلکاروں کو ہدایت کی کہ متاثرین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔اس موقع پر متاثرین نے رضا ہارون کو اپنی مشکلات وپریشانیوں سے آگاہ کیا اور قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے اظہار ہمدردی اور ہرممکن تعاون پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اوران کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے دعائیں کیں

## ایم کیوایم کے وفد کی مسلم لیگ (ق) کے سیکرٹری جنرل مشاہد حسین سیّد کی والدہ کی نمازِ جنازہ میں شرکت

لاہور۔۔۔21نومبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے وفد نے مسلم لیگ (ق) کے مرکزی رہنماء وسینیٹر مشاہد حسین سیّد کی والدہ محترمہ ثمن سیّد مرحومہ کی نماز جنازہ میں شرکت کی اور مشاہد حسین سیّد سے ملاقات کر کے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے سینیٹر مشاہد حسین سیّد کی والدہ کے انتقال پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا اور مرحومہ کی مغفرت ،ان کے بلند درجات اور سوگواران کے صبرجمیل کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔ایم کیوایم کے وفد میں لاہور زونل کمیٹی کے انچارج وارا کین ،ڈسٹرکٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران شام تھے۔اس موقع پر مشاہد حسین سیّد نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور لاہور زونل کمیٹی کے انچارج وارا کین اور ڈسٹرکٹ کمیٹی کے ارکان کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔

## پاکستان میں 98فیصد غریب عوام کا انقلاب برپا ہونے والا ہے،متوسط طبقے کے پڑھے لکھے ایماندار نمائندے عوام کو جاگیردارانہ،وڈیرانہ اوراستحصالی نظام سے نجات دلا کر ترقی اور خوشحالی کی منزل سے ہمکنار کریں گے ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کی اپرپنجاب زون کے انچارج زاہدملک سے گفتگو

راولپنڈی۔21نومبر2010

متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیوایم ) کے قائدالطاف حسین نے کہا ہے کہ تحریکی ساتھیوں کی کاوشوں اور پنجاب کے عوام کی محبت اور تعاون سے اب وہ دن دورنہیں ،جب ملک کے دیگر حصوں کی طرح صوبہ پنجاب کے عوام کی حمایت سے پاکستان میں 98فیصد غریب عوام کا انقلاب برپا ہونے والا ہے اور متوسط طبقے کے پڑھے لکھے ایماندار نمائندے عوام کو جاگیردارانہ،وڈیرانہ اوراستحصالی نظام سے نجات دلا کر ترقی اور خوشحالی کی منزل سے ہمکنار کریں گے۔گزشتہ شب ایم کیوایم اپرپنجاب زون کے انچارج زاہدملک سے ٹیلی فون پر لندن سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن (کے کے ایف ) کے لئے پنجاب سے جمع ہونے والی کھالوں پر پنجاب کے عوام کا شکریہ ادا کیا اور کارکنوں کو شبانہ روز محنت پر شاباش دی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے تحریکی ساتھی جس لگن ،خلوص ،جذبہ اور عزم سے ملک بھر کی طرح پنجاب میں کام کررہے ہیں اور صوبہ پنجاب کے عوام تحریک پر جس اعتماد اور تعاون کا اظہار کررہے ہیں،انشاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب ملک کے دیگر حصوں کی طرح پنجاب کے غریب اور پسے ہوئے عوام اقتدار کے ایوانوں میں ایم کیوایم کے پلیٹ فارم سے موجود ہوں گے اور ملک سے جاگیردارانہ،وڈیرانہ،ظالمانہ استحصالی نظام کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیں گے۔الطاف حسین نے کہا کہ پنجاب کے کارکنوں نے اپنی کارکردگی سے ثابت کیا ہے کہ وہ ایم کیوایم کے دیگر تحریکی ساتھیوں کی طرح تحریکی جذبہ،نظم وضبط اور خلوص کے ساتھ سرگرم عمل ہیں،تحریکی جذبہ اور مثالی نظم وضبط ایم کیوایم کے تحریکی ساتھیوں کو ممتاز بناتا ہے۔

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے ایم کیوایم لاہور زونل کمیٹی کے وفد کی گورونا نک کے جنم دن کی تقریبات میں شرکت

لاہور۔۔۔21 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے ایم کیوایم لاہور زون کے جوائنٹ انچارج مبین الدین قاضی ایڈووکیٹ، رکن ڈاکٹر کامران، ڈسٹرکٹ کمیٹی کے انچارج سید مزمل بخاری، ننکانہ صاحب یونٹ کے انچارج مرزا جاوید بیگ اور کمیٹی کے دیگر ارکان پر مشتمل نمائندہ وفد نے پنجاب کے شہر ننکانہ صاحب میں سکھوں کے روحانی پیشوا بابا گورونا نک کے جنم دن کی تقریبات میں شرکت کی اور سکھ برادری کو ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے گورونا نک کے 542 ویں جنم دن کی مبارکباد پیش کی اور جناب الطاف حسین کا خصوصی پیغام پہنچایا۔اس موقع پر سکھ برادری نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔

## مشاہد حسین سیّد کی والدہ محترمہ ثمن سید کے انتقال پر ڈاکٹر فاروق ستار کی ٹیلی فون پر تعزیت

کراچی۔۔۔21 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنویز و وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے ٹیلی فون کے ذریعے مسلم لیگ (ق) کے مرکزی سیکریٹری جنرل سینیٹر مشاہد حسین سیّد سے رابطہ کیا اوران کی والدہ محترمہ ثمن سید کے انتقال پر اپنی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے مشاہد حسین سیّد سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ان کی والدہ کے انتقال پر جناب الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی سمیت پوری ایم کیوایم ان کے غم میں برابر کی شریک ہیں۔ڈاکٹر فاروق ستار نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے مشاہد حسین سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔اس موقع پر مشاہد حسین سیّد نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور ڈاکٹر فاروق ستار سمیت ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کا شکریہ ادا کیا۔

## عظیم گوٹھ کراچی میں معصوم بچی کو اجتماعی زیادتی کے بعد قتل کے واقعہ کا فی الفور نوٹس لیا جائے، ایم کیوایم شعبہ خواتین
## واقعہ میں ملوث درندہ صفت عناصر کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دی جائے

کراچی۔۔۔21 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی شعبہ خواتین کی مرکزی کمیٹی کی اراکین نے عظیم گوٹھ میں معصوم بچی کو اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنانے کے بعد بے دردی سے قتل کے واقعہ پر شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس واقعہ کو ظلم و بربریت قرار دیا ہے۔ایک بیان میں شعبہ خواتین نے کہا کہ معصوم بچیوں کو درندگی کا نشانہ بنانے کے واقعات میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے جو نہ صرف ارباب اختیار کیلئے سوالیہ نشان بنا ہوا ہے بلکہ عوام میں بھی شدید خوف و ہراس پایا جارہا۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب معصوم بچیوں کو ونی جیسی فرسودہ روایات کی بھینٹ چڑھایا جارہا ہے اور دوسری طرف ان معصوم بچیوں کو نہ صرف اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنایا جارہا ہے بلکہ انہیں بیدردی اور صفاکیت سے قتل بھی کیا جارہا ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔شعبہ خواتین کی ارکان نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذولفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ عظیم گوٹھ کراچی میں معصوم بچی کو اجتماعی زیادتی کے بعد قتل کے واقعہ کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور واقعہ میں ملوث درندہ صفت عناصر کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دی جائے۔انہوں نے معصوم بچی کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

## سعودی عرب اورالخبر دمام میں ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کے اجتماعات

## اجتماعات میں محبان پاکستان کے ذمہ داران اورکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی

جدہ۔۔۔21،نومبر 2010ء

خلیجی ممالک میں مقیم پاکستانیوں کی تنظیم محبان پاکستان اور سیز کے تحت سعودی عرب اورایسٹرن پراونس میں ایم کیوایم کے کنو ینیز اورشہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے اجتماعات ہوئے جس میں ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اورشہید کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔محبان پاکستان سعودی عرب میں منعقدہ قرآن خوانی کے اجتماع میں محبان پاکستان اوورسیز کے آرگنائزرعزیزخان،کوآرڈی نیٹرشمشادعلی صدیقی،آرگنائزرریاض یونٹ تنویرصدیقی، آرگنائزرمدینہ یونٹ محمداختر کے علاوہ مڈل ایسٹ کے تمام ذمہ داران،ارکان سینٹرل کمیٹی، یونٹ انچارجز، یونٹ کمیٹیوں کے ارکان اورکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ جبکہ محبان پاکستان ایسٹرن پراونس کے تحت الخبر دمام میں منعقدہ قرآن خوانی کے اجتماع میں محبان پاکستان کی سینٹرل کمیٹی کے رکن مرزااطہر،ایسٹرن پراونس کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، یونٹ انچارجز، یونٹ کمیٹیوں کے ارکان اورکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پرشہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اورانہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں ڈاکٹرعمران فاروق شہید سمیت تحریک کے تمام شہداء کے بلند درجات،شہداء کے لواحقین کیلئے صبرجمیل اورایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی کے علاوہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## سوگوارکارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِتعزیت

کراچی۔۔۔21نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی وڈیفنس کلفٹن ریزیڈنٹس کمیٹی کے رکن اختر بلگرامی کی ہمشیرہ محترمہ ثروت فاطمہ بیگم،ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 190 کے کارکن اسلم کے والد اسلام الدین،ایم کیوایم بزنس روڈ سیکٹر یونٹ 35 کے کارکن شہزادطیلہ کی والدہ محترمہ گلزاربیگم،ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ 118-B کے جوائنٹ انچارج فردوس کی والدہ محترمہ جمیلہ خاتون،فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 151 کے کارکن سلمان احمد خان کے والدشفاعت احمد خان،ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 187 کے کارکن فیصل رحمانی کے والدفضل الرحمٰن،ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے کارکن طارق خان کے والدمسعودخان اورایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ 121 کے کارکن معراج احمد کی والدہ محترمہ عصمت بیگم کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو اپنی جوارِرحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورلواحقین یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطافرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆